جریر بیٹے عبد اللہ رضہ کے سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین رحمت کرتا اللہ اوس شخص
لا یرحم الناس متفق علیہا وعن عائشۃ قالت جاء اعرابی الی
کو نہین رحم کرتا لوگونپر متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا عائشہ نے کہ آیا ایک اعرابی کہ اعرابی پاس
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اتقبلون الصبیان فما نقبلہم فقال النبی
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس عرض کیا کیا بوسہ لیتے ہو تم لڑکون کے پس نہین بوسہ لیتے ہم لڑکون کو پس فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم او املک لک ان نزع اللہ من قلبک الرحمۃ متفق علیہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے سے کیا مالک ہون مین واسطے تیرے جبکہ نکال لی ہے اللہ نے تیرے دل سے شفقت متفق علیہ۔
وعنہا قالت جاءتنی امرأۃ ومعہا ابنتان لہا تسألنی فلم تجد
اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا عائشہ نے کہ آئی میرے پاس ایک عورت اور اوسکے ساتھ دو بیٹیان تھین اوسکی مانگتی تھی وہ عورت
عندی غیر تمرۃ واحدۃ فاعطیتہا ایاہا فقسمتہا بین ابنتیہا
میرے پاس سوائے ایک کھجور کے پس دی مین اوسکو وہ کھجور پس بانٹ دی اوس عورت نے وہ کھجور درمیان دونون
ولم تاکل منہا ثم قامت فخرجت فدخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحدثتہ
اور آپ نہ کہایا اوسمین سے کچھ پھر اوٹھی وہ عورت اور باہر نکلی پھر داخل ہوئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس کہا میں نے آنحضرت کو

فقال من ابتلی من هذه البنات بشیء فاحسن الیهن کن له سترا من
پس فرمایا جو کوئی مبتلا کیا جاوے جس ان بیٹیوں سے کسی چیز کے پس احسان کرے طرف اونکی ہوگا احسان کرنا اونکا اوسکے لئے
النار متفق علیه وعن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه من عال
آگ سے متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پرورش کرے
جاریتین حتی تبلغا جاء یوم القیامة انا وهو هکذا وضم اصابعه رواه
دو بیٹیونکو۔ یہانتک کہ پہنچیں وہ حد بلوغ کو آویگا وہ دن قیامت کے اسحالمیں کہ میں اور وہ ہم ہونگے اسطرح اور ملائیں اونگلیان
مسلم وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الساعی علی الارملة و
مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خبر گیری کرنیوالا بیوہ عورت کا اور
المسکین کالساعی فی سبیل الله واحسبه قال کالقائم لا یفتر وکالصائم
مسکین کا مانند اسکے ہے جو سعی کرنیوالا ہے راہ خدا میں اور گمان کرتا ہوں میں اونکو کہ یہ بھی کہا مانند قیام کرنیوالا کے ہے جو کہ سستی نہیں کرتا
لا یفطر متفق علیه وعن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلی
کہ نہیں افطار کرتا متفق علیہ۔ اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ
علیه وسلم انا وکافل الیتیم له ولغیره فی الجنة هکذا واشار بالسبابة و
علیہ وسلم نے کہ میں اور پرورش کرنیوالا یتیم کا خواہ وہ یتیم اوسکا ہو یا اور کا جنت میں اسطرح ہونگے اور اشارہ کیا ساتھ
الوسطی وفرج بینهما شیئا رواه البخاری وعن النعمان بن بشیر قال
بیچ کی اونگلی کے اور کشادگی رکھی درمیان اونکے تھوڑی سی روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ترى المؤمنین فی تراحمهم وتوادهم وتعاطفهم
فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھیگا مسلمانوں کو اپس کی ترحم اور محبت اور مہربانی میں
کمثل الجسد اذا اشتکی عضوا تداعی له سائر الجسد بالسهر والحمی
مانند شہ حال بدن کے جسوقت دکھتا ہے ایک عضو بلاتے ہیں ایکدوسرے کو باقی اعضا بدن کے ساتھ بیداری اور تپ کے
متفق علیه وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه المؤمنون کرجل
متفق علیہ۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سب مسلمان بیچ حکم ایک شخص کے
واحد ان اشتکی عینه اشتکی کله وان اشتکی راسه اشتکی کله
اگر دکھتی ہے آنکھ اوسکی دکھتا ہے سارا بدن اوسکا اور اگر دکھتا ہے سر اوسکا دکھتا ہے سارا بدن اوسکا

رواہ مسلم وعن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المؤمن للمؤمن
روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابوموسیٰ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ مسلمان واسطے مسلمان کے
کالبنیان یشد بعضہ بعضا ثم شبک بین اصابعہ متفق علیہ
مانند مکان کے ہے کہ مضبوط کرتا ہے بعضے اجزا مکان کے بعضے کو اور داخل کیا حضرت نے انگلیاں اپنے ہاتھ کی بیچ انگلیاں اپنے ہاتھ کی
وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان اذا اتاہ السائل او صاحب
اور روایت ہے اوسی راوی سے اوسی روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق حضرت جب آتا اوسکے پاس سائل یا حاجتمند
الحاجۃ قال اشفعوا فلتوجروا ویقضی اللہ علی لسان رسولہ ما شاء
فرماتے سفارش کرو تا حاصل ہو تمکو ثواب سفارش کا اور حکم کرتا ہے اللہ تعالیٰ اوپر زبان پیغمبر اپنے کے جو کچھ چاہتا ہے
متفق علیہ وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصر اخاک
متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس رضی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مدد کر اپنے بھائی مسلمان کی
ظالما او مظلوما فقال رجل یا رسول اللہ انصرہ مظلوما فکیف انصرہ
ظالم ہو یا مظلوم پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ مدد کرتا ہوں میں اوسکی مظلوم ہے پس کیونکر مدد کروں اوسکی
ظالما قال تمنعہ من الظلم فذلک نصرک ایاہ متفق علیہ وعن
درحالیکہ ظالم ہو فرمایا حضرت نے باز رکھے تو اوسکو ظلم سے پس یہ مدد کرنی تیری ہے اوسکی متفق علیہ۔ اور روایت ہے
ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا
ابن عمر رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہے ظلم نہ کرے مسلمان مسلمان پر
یسلمہ ومن کان فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ ومن فرج عن
نہ دے اوسکو مہلکہ میں اور جو کوئی سعی کرتا ہے بیچ حاجت روائی بھائی مسلمان کی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ بیچ حاجت روائی اوسکے اور جو کوئی دور کرے
مسلم کربۃ فرج اللہ عنہ کربۃ من کربات یوم القیامۃ ومن ستر مسلما
مسلمان سے کوئی غم دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اوس سے ایک بڑا غم غموں دن قیامت کے سے اور جو کوئی ڈھانکے بدن یا عیب
سترہ اللہ یوم القیامۃ متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول
ڈھانکیگا اللہ تعالیٰ عیب اوسکے دن قیامت کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا یخذلہ ولا یحقرہ التقوی
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان بھائی ہے مسلمان کا نہ ظلم کرے اوسپر اور نہ ترک مدد کرے اوسکی اور حقیر نجانے اوسکو

هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِّنَ الشَّرِّ اَنْ يَّحْقِرَ اَخَاهُ
اور اشارت کی حضرت نے طرف سینہ مبارک اپنے کی تین بار کفایت کرتی ہے مسلمان کو بدی ہی حقیر کرنا بھائی
الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
مسلمان کو سب چیزیں مسلمان کی مسلمان پر حرام ہیں خون اوسکا اور مال اوسکا اور آبرو اوسکی روایت کی یہ مسلم نے۔
وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلٰثَةٌ
اور روایت ہے عیاض بن حمار رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشتی تین طرح کے لوگ ہیں
ذُوْ سُلْطَانٍ مُّقْسِطٌ مُّتَصَدِّقٌ مُّوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيْمٌ رَقِيْقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ
ایک تو حاکم اور احسان کرنے والا لوگوں سے توفیق دیا گیا بھلائیوں کی اور دوسرا شخص ہے مہربان نرم ہے دل ہر
ذِيْ قُرْبٰى وَّمُسْلِمٍ وَّعَفِيْفٌ مُّتَعَفِّفٌ ذُوْ عِيَالٍ وَاَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيْفُ
قرابتی اور ہر مسلمان پر اور تیسرا پاکدامن بے سوال ہے عیالدار اور دوزخی پانچ ہیں اول سست عقل
الَّذِيْ لَا زَبْرَ لَهُ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْكُمْ تَبَعًا لَّا يَبْغُوْنَ اَهْلًا وَّلَا مَالًا وَالْخَائِنُ
کہ نہیں ہے عقل اوسکو وہ لوگ کہ تمہارے خادم ہیں نہ طلب ہیں بیوی کے اور نہ مال حلال کے اور دوسرا خیانت
الَّذِيْ لَا يَخْفٰى لَهٗ طَمَعٌ وَاِنْ دَقَّ اِلَّا خَانَهٗ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَا يُمْسِيْ اِلَّا
جب اسپر کھلے کوئی چیز اگرچہ حقیر ہو وہ اسکو چھوڑے اور تیسرا وہ شخص ہے کہ صبح نہیں کرتا اور شام نہیں کرتا مگر
وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ وَالْكَذِبَ وَالشِّنْظِيْرَ
کہ وہ فریب دیتا ہے تجکو تیرے گھر میں اور تیرے مال میں اور ذکر کیا بخصوصت نے بخیل کو اور جھوٹے کو اور بدخلق
الْفَحَّاشَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ
فحش گو کو روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم اوس خدا کی
نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہ ایمان لاتا ہے کوئی بندہ یہانتک کہ دوست رکھے واسطے بھائی مسلمان کے اوسچیز کو کہ دوست رکھتا ہے
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ
اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا اوسنے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی نہیں ایمان لاتا قسم ہے اللہ کی
لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِيْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ
نہیں ایمان لاتا قسم ہے اللہ کی نہیں ایمان لاتا پوچھا گیا کون یا رسول اللہ فرمایا وہ کہ امن میں نہیں ہمسایہ اوسکا

بوائقه متفق عليه وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا
بدیون اوسکی سے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں
يدخل الجنة من لا يأمن جاره بوائقه رواه مسلم وعن عائشة
داخل ہوگا جنت میں وہ شخص کہ نہیں امن میں ہوتا ہمسایہ اوسکا برائیوں اوسکی سے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے
وابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما زال جبريل يوصيني بالجار حتى
اور ابن عمر سے کہ نقل کی اونہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے ہمیشہ جبرئیل امر کرتے رہے مجکو ساتھ حق ہمسایہ کے
ظننت انه سيورثه متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال
کہ گمان کیا میں نے کہ جبرئیل وارث کردینگے ہمسایہ کو متفق علیہ ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے کہ کہا عبد اللہ نے
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كنتم ثلثة فلا يتناجى اثنان دون
فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ہو تم تین شخص پس سرگوشی نہ کریں دو شخص آپسمیں
الآخر حتى تختلطوا بالناس من أجل أن يحزنه متفق عليه وعن
تیسرے کو چھوڑ کر یہانتک کہ ملو تم ساتھ لوگوں کے سے کیونکہ یہ غم میں ڈالے گا اسکو متفق علیہ ۔ اور روایت ہے
تميم الداري أن النبي صلى الله عليه وسلم قال الدين النصيحة ثلثا قلنا
تمیم داری رضہ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دین نصیحت ہے تین بار فرمائی یہ بات کہا ہمنے
لمن قال لله ولكتابه ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامتهم رواه مسلم
کسکے لیے فرمایا حضرت نے واسطے اللہ کے اور واسطے کتاب اوسکی کے اور واسطے رسول اوسکے کے اور واسطے امامون مسلمانون کے اور واسطے
وعن جرير قال بايعت رسول الله صلى الله عليه وسلم على إقام الصلوة وإيتاء
اور روایت ہے جریر رضہ سے کہ کہا جریر نے کہ بیعت کی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اوپر قائم کرنے نماز کے اور دینے
الزكوة والنصح لكل مسلم متفق عليه الفصل الثاني عن
زکوۃ کے اور خیر خواہی کرنے کے واسطے ہر مسلمان کی روایت کیا یہ بخاری اور مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے
أبي هريرة قال سمعت أبا القاسم الصادق المصدوق صلى الله عليه وسلم يقول
ابی ہریرہ رضہ سے کہا سنا میں نے ابو القاسم سے کہ سچے سچے کہے گئے ہیں صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے
لا تنزع الرحمة إلا من شقي رواه أحمد والترمذي وعن عبد الله
نہیں نکالی جاتی رحمت مگر بدبخت کے دلسے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ

ابن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراحمون یرحمھم الرحمن ارحموا
ابن عمرو رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شفقت کرنیوالے خلق پر رحمت کرتا ہے اوپر رحمن رحم کرو
من فی الارض یرحمکم من فی السماء رواہ ابوداود والترمذی وعن
کہ زمین میں ہیں تا رحمت کرے تمکو سلطان جو کہ آسمان میں ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے - اور روایت ہے
ابن عباس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس منا من لم یرحم صغیرنا و
ابن عباس رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہمارے تابعین میں سے وہ شخص کہ نہ رحم کرے ہمارے
لم یوقر کبیرنا ویامر بالمعروف وینہ عن المنکر رواہ الترمذی و
نہ عزت کرے ہمارے بڑوں کی اور نہ حکم کرے ساتھ نیکی کے اور نہ منع کرے برائی سے روایت کی یہ ترمذی نے اور
قال ھذا حدیث غریب وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
ما اکرم شاب شیخا من اجل سنہ الا قیض اللہ لہ عند سنہ من
نہیں تعظیم کی کسی جوان نے کسی بوڑھے کی بسبب کبر سن اوسکے مگر مقرر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اوسکے واسطے اوسکو وقت کبر سن اوسکے
یکرمہ رواہ الترمذی وعن ابی موسی قال قال رسول اللہ صلی
کہ تعظیم کرے اوسکی روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی موسے رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ
علیہ وسلم ان من اجلال اللہ اکرام ذی الشیبۃ المسلم وحامل القرآن
علیہ وسلم نے کہ تحقیق جملہ تعظیم اللہ تعالیٰ کی ہے تعظیم کرنے بوڑھے مسلمان کی اور پڑھنے والے قرآن کی
غیر الغالی فیہ ولا الجافی عنہ واکرام السلطان المقسط رواہ ابو
کہ نہو غلو کرنیوالا اوسمیں اور نہ ہو دور ہونیوالا اوس سے اور جملہ تعظیم اللہ تعالیٰ کی ہے تعظیم کرنی بادشاہ عادل کی روایت کی یہ ابو
داؤد والبیہقی فی شعب الایمان وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول
داؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر بیت فی المسلمین بیت فیہ یتیم یحسن الیہ و
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین گھروں کا مسلمانوں کے گھر وہ ہے کہ اوسمیں ہو یتیم کہ احسان کیا جاوے طرف اوسکے اور
شر بیت فی المسلمین بیت فیہ یتیم یساء الیہ رواہ ابن ماجۃ
برا گھر مسلمانوں کے گھر وہ ہے کہ اوسمیں ہو یتیم کہ برائی کیجاوے طرف اوسکی روایت کی یہ ابن ماجہ نے

وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَاْسَ یَتِیْمٍ
اور روایت ہے ابو امامہ رضؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ ملے ہاتھ پھیرے یتیم کے سر پر
لَمْ یَمْسَحْهُ اِلَّا لِلّٰهِ کَانَ لَهٗ بِکُلِّ شَعْرَةٍ یَمُرُّ عَلَیْهَا یَدُهٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ
درحالیکہ نہیں پھیرتا ہے ہاتھ مگر واسطے اللہ کے ہوتے ہیں واسطے اوسکے بدلے ہر بال کے کہ پھرتا ہے اوپر ہاتھ اوسکا نیکیاں اور جو شخص کہ احسان کرے
اِلٰی یَتِیْمَةٍ اَوْ یَتِیْمٍ عِنْدَهٗ کُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِی الْجَنَّةِ کَهَاتَیْنِ وَقَرَنَ بَیْنَ
طرف یتیم لڑکی کے یا یتیم لڑکے کے کہ نزدیک اوسکے ہے ہونگا میں اور وہ بہشت میں مانند ان دو توکے اور ملائیں
اِصْبَعَیْهِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَنِ
دونو انگلیاں اپنی روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے
اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰی یَتِیْمًا اِلٰی طَعَامِهٖ
ابن عباس رضؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ جگہ دیوے یتیم کو طرف کھانے اپنے کے
وَشَرَابِهٖ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ یَّعْمَلَ ذَنْبًا لَّا یُغْفَرُ وَمَنْ
اور پینے اپنے کے تو واجب کرتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے بہشت مقرر مگر یہ کہ کرے وہ گناہ کہ نہیں بخشا جاتا اور جو شخص کہ
عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَهُنَّ وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰی
پرورش کرے تین بیٹیوں کو یا پرورش کرے اوسکو کہ مانند تین بیٹیوں کی بہنوں سے پس ادب سکھاوے اونکو اور شفقت کرے اونپر یہانتک
یُغْنِیَهُنَّ اللّٰهُ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاثْنَتَیْنِ
کہ بے پروا کرے اونکو اللہ واجب کرتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے بہشت پس کہا اوس شخص نے یا رسول اللہ یا دو کو
قَالَ وَاثْنَتَیْنِ حَتّٰی لَوْ قَالُوْا وَاحِدَةً لَقَالَ وَاحِدَةً وَمَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ
فرمایا دو کی پرورش کا بھی یہی ثواب ہے یہانتک کہ اگر کہتے لوگ یا ایک کو البتہ فرماتے یا ایک کو اور جس شخص کی لیلی اللہ
بِکَرِیْمَتَیْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا کَرِیْمَتَاهُ قَالَ عَیْنَاهُ
دو پیاریاں واجب ہوئی اوسکے لیے بہشت پوچھا گیا یا رسول اللہ کیا ہے دو پیاریاں اوسکی فرمایا دو نو آنکھیں اوسکی
رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
روایت کیا اسکو بغوی نے شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے جابر بن سمرہ رضؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ یُّؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَیْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ یَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ
علیہ وسلم نے کہ قسم ہے اللہ کی کہ البتہ ادب سکھانا آدمی کا اپنے بیٹے کو بہتر ہے واسطے اوسکے تصدق کرنے ایک صاع غلہ کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَنَاصِحٌ الرَّاوِيْ لَيْسَ
روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث غریب ہے اور ناصح راوی نہیں
عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ
نزدیک محدثوں کے قوی۔ اور روایت ہے ایوب بن موسیٰ سے کہ روایت کی اپنے باپ سے
عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَّلَدَهٗ مِنْ نُّحْلٍ
اسنے روایت کی ایوب کے دادا سے یہہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں دیا باپ نے اپنے بیٹے کو کچھ دینا
اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَ
بہتر ادب نیک سے روایت کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان اور
قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُّرْسَلٌ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ
کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث نزدیک میرے مرسل ہے۔ اور روایت ہے عوف بن مالک
الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ
اشجعی رضی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں اور عورت سیاہ رخساروں کی
كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوْمَاَ يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ
مانند ان دونوں انگلیوں کی ہونگے دن قیامت کے اور اشارہ کیا یزید بن زریع نے طرف بیچ کی انگلی کے اور اوس کلمہ شہادت کی
اِمْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ وَّجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامٰهَا
وہ عورت کہ بیوی بے شوہر جاہ و جمال والی روکا اپنے نفس کو اوپر حال یتیموں اپنے کے
حَتّٰى بَانُوْا اَوْ مَاتُوْا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
یہانتک کہ جدی ہوئی یا مر گئی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہ کہا فرمایا رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ اُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسکی ہو دی ایک بیٹی پس نہ گاڑا اوسکو زندہ اور نہ ذلیل کر کر رکھا اوسکو اور نہ ترجیح دی
وَلَدَهٗ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ
اپنے دلد کو اور سپر یعنے لڑکو مگر بیٹی داخل کریگا اوسکو اللہ بہشت میں روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے
اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى
انس رضی سے کہ اوسنے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ غیبت کیجاوے نزدیک اوسکے بھائی مسلمان کی حالانکہ وہ شخص قادر ہے اوپر

نَصَرَهُ فَنَصْرُهُ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَاِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ

مدد کرے اوسکے پس مدد کی اوسکی مدد کریگا اوسکی اللہ دنیا اور آخرت مین اور اگر مدد نکی اوس کی اور وہ

يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهِ اَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ

قادر تھا اوسکے مدد کرنے پر مواخذہ کریگا اللہ اوس سے بسبب مدد نکرنے کے دنیا اور آخرت مین روایت کی یہ شرح

السُّنَّةِ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

السنہ مین۔ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید رضی کی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ

جو شخص کہ دفع کرے کہا گوشت بھائی مسلمان اپنے کیسے غائبانہ ہے حق اللہ پر یہ کہ آزاد کریگا اوسکو

النَّارِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ

آگ سے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین۔ اور روایت ہے ابی درداء رضی سے کہا سنا مینے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَرُدُّ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ اِلَّا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ نہین کوئی مسلمان کہ رد کرے ابرو بھائی اپنے کیسے مگر کہ

كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ

ہوتا ہے حق اللہ پر یہ کہ باز رکھے اوس سے آگ دوزخ کو دن قیامت کے پھر پڑھی حضرت نے یہ

الْاٰيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَ

آیت اور ہے واجب ہمپر مدد کرنی مومنون کی روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ مین۔ اور

عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنِ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ يَخْذُلُ امْرَاً

روایت ہے جابر رضی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین کوئی شخص مسلمان کہ مدد نکرے مرد

مُّسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُنْتَهَكُ فِيْهِ حُرْمَتُهٗ وَيُنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اِلَّا

مسلمان کی اوسجگہ کہ بے حرمتی کیجاتی ہے اوسکی اور نقصان کیا جاتا ہے اوسجگہ مین آبرو اوسکی سے مگر

خَذَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُّحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ وَمَا مِنِ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ

نہین مدد کریگا اوسکی اللہ تعالی اوسجگہ مین کہ دوست رکھتا ہے اوسمین مدد خدا کو اور نہین کوئی شخص مسلمان

يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُّنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ

کہ مدد کرے کسی مسلمان کی اوسجگہ مین کہ نقصان کیا جاتا ہے اوسمین آبرو اوسکی سے

وينتهك فيه من حرمته الا نصره الله تعالى في
اور بے حرمتی کیجاتی ہے اوسکی اوسمین مگر یہ کہ مدد کریگا اوسکی اللہ تعالیٰ اوس
موطن يحب فيه نصرته رواه ابو داود وعن عقبة
جگہ مین کہ دوست رکھتا ہے اوسمین مدد اوسکی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عقبہ
ابن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
بیٹے عامر رضہ کے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
من رأى عورة فسترها كان كمن احيا
جو شخص کہ دیکھے عیب کسی مسلمان مین اور ڈھانکدے اوسکو تو ہوگا وہ ایسا کہ زندہ کیا
موءودة رواه احمد والترمذي وصححه
جیتے گاڑے ہوئے کو روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو
وعن ابي هريرة قال قال
اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا ابوہریرہ نے کہ فرمایا
رسول الله صلى الله عليه وسلم ان احدكم مرآة اخيه
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک تمہارا آئینہ ہے بھائی اپنے کا
فان رأى به اذى فليمط عنه رواه الترمذي وضعفه وفي رواية
پس اگر دیکھے اوسمین برائی تو چاہیے کہ دور کردے اوس سے برائی روایت کی یہ ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور بیہقی نے روایت
له ولابي داود المؤمن مرآة المؤمن والمؤمن اخو المؤمن يكف عنه
ترمذی کے اور ابوداؤد کے یون ہے کہ مسلمان آئینہ مسلمان کا ہے اور مسلمان بھائی ہے مسلمان کا دفع کرتا ہے اوس سے
ضيعته ويحوطه من ورائه وعن معاذ بن انس قال قال رسول
ضیعہ کو اور نگاہ رکھتا ہے حق اوسکا غائبانہ اوسکو۔ اور روایت ہے معاذ بن انس رضہ سے کہا فرمایا رسول
الله صلى الله عليه وسلم من حمى مؤمنا من منافق بعث الله ملكا يحمي لحمه
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بچاوے کسی مسلمان کو منافق کی شر سے بھیجیگا اللہ تعالیٰ فرشتہ کو کہ بچاویگا اوسکے بدن کو
يوم القيامة من نار جهنم ومن رمى مسلما بشيء يريد به شينه
دن قیامت کے آگ دوزخ کی سے اور جو شخص کہ تہمت کرے کسی مسلمان کو ساتھ کسی چیز کے چاہتا ہو ساتھ اسکے عیب کرنا اوسکا

حبسه الله على جسر جهنم حتى يخرج مما قال رواه ابو داود وعن

قید کریگا اوسکو اللہ اوپر پل دوزخ کے یہانتک کہ نکلے عہدہ اوسسے کہ کہا ہی روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت ہے

عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الاصحاب عند

عبداللہ بن عمرو رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین یارون کا نزدیک

الله خيرهم لصاحبه وخير الجيران عند الله خيرهم لجاره

اللہ کے بہترین اونکا ہے واسطے یار اپنے کے اور بہترین ہمسایونکا نزدیک اللہ کے بہترین اونکا ہے واسطے ہمسایہ اپنے کے

رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب

روایت کی یہ ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث حسن غریب ہے

وعن ابن مسعود قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وسلم يا رسول الله كيف

اور روایت ہی ابن مسعود رضہ سے کہ کہا کہا ایک شخص نے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یا رسول اللہ کسطرح

لي ان اعلم اذا احسنت واذا اسأت فقال النبي صلى الله عليه وسلم اذا سمعت

معلوم کروں میں نیکوکاری اپنی اور بدکاری اپنی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسوقت سنے تو

جيرانك يقولون قد احسنت فقد احسنت واذا سمعتهم يقولون

اپنے ہمسایونکو کہ کہتے ہین تحقیق نیکی کی تونے پس تحقیق نیکی کی تونے اور جسوقت سنے تو ہمسایونکو کہ کہتے ہین

قد اسأت فقد اسأت رواه ابن ماجة وعن عائشة ان النبي

تحقیق بدکیا تونے پس تحقیق بدکیا تونے روایت کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ تحقیق نبی

صلى الله عليه وسلم قال انزلوا الناس منازلهم رواه ابو داود الفصل الثالث

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اوتارو تم آدمیون کو منکے بیچ مرتبہ اونکے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ فصل تیسرے

عن عبد الرحمن بن ابي قراد ان النبي صلى الله عليه وسلم توضأ يوما فجعل

روایت ہے عبدالرحمن بیٹے ابی قراد کے سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ایکدن پس شروع کیا

اصحابه يمسحون بوضوئه فقال لهم النبي صلى الله عليه وسلم ما يحملكم على

صحابیون نے کہ ملتے تھے اپنے بدنونکو پانی حضرت کے وضو کا پس فرمایا واسطے اونکے نبی صلعم نے کونسی چیز باعث ہوئی تمکو

هذا قالوا حب الله ورسوله فقال النبي صلى الله عليه وسلم من سره ان يحب

اس کام پر عرض کیا کہ محبت اللہ کی اور رسول اللہ کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص کو خوش لگے یہ کہ

اللہ ورسولہ او یحبہ اللہ ورسولہ فلیصدق حدیثہ اذا حدث
اللہ کو اور اوسکے رسول کو یا دوست رکھے اوسکو اللہ اور رسول اوسکا پس چاہیے کہ سچ بولے اپنی بات مین جبوقت کہ بات کرے
ولیؤد امانتہ اذا ائتمن ولیحسن جوار من جاورہ وعن ابن عباس
اور چاہیے کہ ادا کرے امانت کو کوئی جبوقت کہ امانت سونپی جاوے اور چاہیے کہ اچھی کرے ہمسایگی ہمسایون کی۔ اور روایت ہے ابن عباس
قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیس المؤمن بالذی یشبع
کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین مومن کامل وہ شخص کہ پیٹ بھر کر کھاوے
وجارہ جائع الی جنبہ رواہما البیہقی فی شعب الایمان وعن ابی
اسحالانکہ ہمسایہ اوسکا بھوکا ہو اوسکی پہلو مین روایت کیین یہ دونون حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین اور روایت ہے ابی
ہریرۃ قال قال رجل یا رسول اللہ ان فلانۃ تذکر من کثرۃ صلاتہا
ہریرہ رضہ سے کہ کہا ابوہریرہ نے کہ کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ تحقیق فلانی عورت ذکر کیجاتی ہے بسبب کثرت نماز اوسکی
وصیامہا وصدقتہا غیر انہا توذی جیرانہا بلسانہا قال ہی
اور روزے اوسکے اور صدقہ دینے اوسکے لیکن وہ ایذا دیتی ہے اپنے ہمسایون کو ساتھ زبان اپنی کے فرمایا کہ وہ
فی النار قال یا رسول اللہ فان فلانۃ تذکر قلۃ صیامہا وصدقتہا
دوزخ مین ہوگی کہا اوس شخص نے یا رسول اللہ پس تحقیق فلانی عورت ذکر کیجاتی ہے بسبب کم رکھنے روزون کے اور کم صدقہ دینے کے
وصلوتہا وانہا تصدق بالاثوار من الاقط ولا توذی بلسانہا
اور کم نماز پڑھنے کے اور تحقیق وہ صدقہ دیتی ہے چند ٹکڑے پنیر کے اور نہین ایذا دیتی اپنی زبان سے
جیرانہا قال ہی فی الجنۃ رواہ احمد والبیہقی فی شعب الایمان و
اپنے ہمسایون کو فرمایا کہ وہ بہشت مین ہوگی روایت کی یہ احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین۔ اور
عنہ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقف علی ناس جلوس فقال
روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہ کہا تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے لوگون پر کہ بیٹھے ہوئے تھے پس فرمایا
الا اخبرکم بخیرکم من شرکم قال فسکتوا فقال ذلک ثلث مرات
کیا نہ خبر دو مین تمکو ساتھ نیکترین تمہارے کے بدترین تمہارے سے کہا ابوہریرہ نے پس چپ رہے لوگ پس فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کلام تین بار
فقال رجل بلی یا رسول اللہ اخبرنا بخیرنا من شرنا فقال خیرکم
پس کہا ایک شخص نے ہان یا رسول اللہ خبر دیجیے ہمکو ساتھ نیکترین ہمارے کی بدترین ہمارے سے پس فرمایا بہترین تمہارے

مَنْ يُرْجَ خَيْرُهُ وَيُؤْمَنْ شَرُّهُ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجَى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنْ شَرُّهُ

وہ ہے کہ امید رکھتے ہوں لوگ بھلائی اوسکی اور امن میں رہتے ہوں اوسکی بدی سے اور بدترین تمہارا وہ ہے کہ امید نہ رکھتے ہوں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا

روایت کی اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے کہ یہ

حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے ابن مسعود رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ إِنَّ

کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے تقسیم کیے درمیان تمہارے خلق تمہارے جیسکہ تقسیم کیے درمیان تمہارے رزق تمہارے تحقیق

اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الدِّينَ إِلَّا

اللہ تعالیٰ دیتا ہے دنیا اوس شخصکو کہ دوست رکھتا ہے اور اوسکو کہ نہیں دوست رکھتا اور نہیں دیتا دین

مَنْ أَحَبَّ فَمَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّينَ فَقَدْ أَحَبَّهُ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ

اوس شخص کو کہ دوست رکھتا ہے پس جس شخص کو کہ دیا اللہ نے دین پس تحقیق دوست رکھا اوسکو قسم ہے اوس ذات کی کہ جان

لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يُسْلِمَ قَلْبُهُ وَلِسَانُهُ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَأْمَنَ جَارُهُ

نہیں مسلمان ہوتا بندہ یہانتک کہ مسلمان ہو دل اوسکا اور زبان اوسکی اور نہیں مومن ہوتا یہانتک کہ امن میں ہو

بَوَائِقَهُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ

برائیوں اوسکے سے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن محل ہے الفت کا

وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ رَوَاهُمَا أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

اور نہیں بھلائی اوس شخص میں کہ نہیں الفت کرتا اور نہ نہیں الفت کیا جاتا روایت کیں دونوں حدیثیں احمد نے اور بیہقی نے

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰى لِأَحَدٍ مِنْ أُمَّتِي

اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص روا کرے کوئی حاجت واسطے کسی

حَاجَةً يُرِيدُ أَنْ يَسُرَّهُ بِهَا فَقَدْ سَرَّنِي وَمَنْ سَرَّنِي فَقَدْ سَرَّ اللّٰهَ

درحالیکہ چاہتا ہے یہ کہ خوش کرے اوسکو ساتھ حاجت روائی کے پس تحقیق خوش کیا اوسنے مجکو اور جسنے خوش کیا مجکو پس تحقیق خوش

وَمَنْ سَرَّ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اور جسنے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا اوسکو اللہ بہشت میں۔ اور انہیں سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول

علیہ وسلم من اغاث ملھوفا کتب اللہ لہ ثلثا وسبعین مغفرۃ واحدۃ
علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ فریادرسی کرے کسی مظلوم کی لکھتا ہے اللہ تعالیٰ اوسکے واسطے بخشش میں ایک اوسکی تہتر بخشش سے

فیھا صلاح امرہ کلہ وثنتان وسبعون لہ درجات یوم القیمۃ
کہ اوسمیں اصلاح سب کاموں اوسکی ہے اور بہتر بخشش واسطے اوسکے موجب درجات کے ہونگی دن قیامت کے

وعنہ وعن عبد اللہ قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخلق عیال
اور روایت ہے انس رضی سے اور عبد اللہ رضی سے کہ کہا اون دونوں نے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خلق کنبا

اللہ فاحب الخلق الی اللہ من احسن الی عیالہ رواہ البیھقی الاحادیث
اللہ کا ہے پس بہترین خلق کا طرف اللہ کے وہ شخص ہے کہ احسان کرے طرف کنبے اللہ کے نقل کہیں یہ تینوں حدیثیں

الثلثۃ فی شعب الایمان وعن عقبۃ بن عامر قال قال رسول اللہ
بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے عقبہ بیٹے عامر کے سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم اول خصمین یوم القیمۃ جاران رواہ احمد وعن ابی ھریرۃ ان
صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اول دو جھگڑنے والے دن قیامت کے دو ہمسایہ ہونگے روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

رجلا شکی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قسوۃ قلبہ قال امسح راس الیتیم و
ایک شخص نے شکایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سختی دل ہونے کی فرمایا پھیر تو ہاتھ یتیم کے سر پر اور

اطعم المسکین رواہ احمد وعن سراقۃ بن مالک ان النبی
کھلا مسکین کو روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے سراقہ بیٹے مالک کے سے کہ تحقیق نبی

صلی اللہ علیہ وسلم قال الا ادلکم علی افضل الصدقۃ ابنتک مردودۃ الیک
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ آگاہ کروں تمکو اوپر بہترین صدقے کے وہ صدقہ کرنا ہے تیرا اوپر بیٹی اپنی کے دور حالیکہ پھیری گئی ہے

لیس لھا کاسب غیرک رواہ ابن ماجۃ باب الحب فی اللہ
نہیں واسطے اوسکی کمانیوالا سوا تیرے روایت کی یہ ابن ماجہ نے۔ باب ہے پہلے بیان محبت کے واسطے ذات خدا کے

ومن اللہ الفضل الاول وعن عائشۃ قالت قال رسول
اور واسطے خدا کے۔ فضل پہلی۔ روایت ہے عائشہ رضی سے کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الارواح جنود مجندۃ فما تعارف منھا ائتلف
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ روحوں کے لشکر تھے جھنڈ جھنڈ جو انمیں ازل میں آشنا تھا وہ اس عالم میں بھی ملاپ رہا

وما تناكر منها اختلف رواه البخاري ورواه مسلم وعن ابي هريرة

اور جو انمین وہان سے پہچان تہا وہ یہان بہی جدا رہا روایت کی یہ بخاری نے اور روایت کی یہ مسلم نے ابی ہریرہ رضہ سے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله اذا احب

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ جب دوست رکہتا ہے

عبدا دعا جبريل فقال اني احب فلانا فاحبه قال فيحبه جبريل

کسی بندے کو تو پکارتا ہے جبریل کو اور فرماتا ہے کہ تحقیق مین دوست رکہتا ہون فلانیکو پس تو دوست رکہتا ہے اوسکو فرمایا حضرت نے

ثم ينادي في السماء فيقول ان الله يحب فلانا فاحبوه فيحبه اهل

پہر پکارتا ہے جبریل کو آسمان مین پس کہتا ہے تحقیق اللہ تعالی دوست رکہتا ہے فلانیکو پس تو دوست رکہو تم اوسکو پس دوست رکہتے ہین

السماء ثم يوضع له القبول في الارض واذا ابغض عبدا دعا جبريل

آسمان والے پہر رکہی جاتی ہے اوسکے لیے قبولیت زمین مین اور جسوقت کہ بغض رکہتا ہے اللہ کسی بندے سے پکارتا ہے

فيقول اني ابغض فلانا فابغضه قال فيبغضه جبريل ثم ينادي

اور فرماتا ہے کہ تحقیق مین بغض رکہتا ہون فلانے شخص سے تو بہی بغض رکہ اوس سے کہا پس بغض رکہتا ہے اوس سے جبریل پہر پکارتا ہے

في اهل السماء ان الله يبغض فلانا فابغضوه قال فيبغضونه ثم

آسمان والون مین کہ تحقیق اللہ تعالی مبغوض رکہتا ہے فلانے کو پس بغض رکہو اوس سے فرمایا پس بغض رکہتے ہین اوس سے پہر

يوضع له البغضاء في الارض رواه مسلم وعنه قال قال رسول

رکہا جاتا ہے واسطے اوسکے بغض زمین مین روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى يقول يوم القيامة اين المتحابون بجلالي

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ اللہ تعالی فرماویگا دن قیامت کے کہان ہین آپسمین محبت رکہنیوالے واسطے

اليوم اظلهم في ظلي يوم لا ظل الا ظلي رواه مسلم وعنه

آجکے دن جبکہ نہ ہوگا سایہ مگر سایہ میرے جسمین سایہ دونگا مین اونکو اپنے سایہ مین یہ روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے انہین سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم ان رجلا زار اخا له في قرية اخرى فارصد الله

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق ایک شخص نے ارادہ کیا ملاقات کرنیکا اپنے بہائی مسلمان سے کہ تہا ایک اور بستی مین پس

له على مدرجته ملكا قال اين تريد قال اريد اخا لي في هذه

الْقَرْيَةِ قَالَ هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَيْرَ أَنِّي أَحْبَبْتُهُ

بستی مین ہی کہا اور سے فرشتے نے کہ آیا ہے تیرے پاس اوسپر جو نعمت کا کہ اوسکو بدلہ دے اوسکی چاہتا ہی کہا کہ نہین سوا اسکے کہ مین دوست

فِي اللّٰهِ قَالَ فَإِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ إِلَيْكَ بِأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَبَّكَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ

واسطے اللہ کے کہا فرشتہ نے کہ تحقیق مین بھیجا ہوا ہون اللہ کا طرف تیری تا خبر دون مین تجکو کہ تحقیق اللہ نے دوست رکھا تجکو جیسے دوست رکھا

فِيهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

واسطے خدا کے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہی ابن مسعود رض سے کہ کہا آیا ایک شخص پاس نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ

علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ کیا فرماتے ہو اوس شخص کے لیے کہ دوست رکھتا ہے ایک قوم کو اور نہین

بِهِمْ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا

اُنکے عمل اور کہا پس فرمایا وہ شخص ساتھ اوسکے ہی کہ دوست رکھتا ہی اوسکو متفق علیہ - اور روایت ہی انس رض سے کہ تحقیق ایک شخص نے

قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ

کہا یا رسول اللہ کب ہوگی قیامت فرمایا وای ہے تجکو کیا تیار کیا ہے تو نے قیامت کے لیے کہا اوسنے

مَا أَعْدَدْتُ لَهَا إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ قَالَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

کہ نہین تیار کیا مینے اوسکے لیے کچھ مگر یہہ کہ دوست رکھتا ہون مین خدا اور رسول خدا کو فرمایا تو ساتھ اوسکے ہی کہ دوست رکھتا ہے

قَالَ أَنَسٌ فَمَا رَأَيْتُ الْمُسْلِمِينَ فَرِحُوا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا

کہا انس نے پس نہین دیکھا مینے مسلمانون کو کہ خوش ہوے ہون ساتھ کسی چیز کے پیچھے اسلام کے مانند خوشی ہونے اوسکے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مَثَلُ

متفق علیہ - اور روایت ہی ابی موسی رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مثل

الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ

ہمنشین نیک اور بد کے مثل مانند اوٹھانیوالے مشک کے ہے اور پھونکنے والے بھٹی کے ہے پس اوٹھانیوالا مشک کا

إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا

یا دیگا تجکو مشک مفت اور یا خریدیگا تو اوس سے اور یا پاویگا تو اوس سے خوشبوی

طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا

اچھی اور پھونکنے والا مشک کا یا جلاویگا کپڑے تیرے یا پاویگا تو اوس سے ہوا

خَبِيثَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ

بد نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے معاذ بن جبل رضی سے کہا

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ يَقُولُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَبَتْ مَحَبَّتِي

سُنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرماتا ہے اللہ تعالے لازم ہوئی ہے محبت میری

لِلْمُتَحَابِّينَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِينَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيَّ وَالْمُتَبَاذِلِينَ

واسطے محبت کرنیوالوں کے آپسمیں بسبب میرے اور واسطے بیٹھنے والوں کے بسبب میرے اور واسطے ملاقات کرنیوالوں کے بسبب میرے اور واسطے

فِيَّ رَوَاهُ مَالِكٌ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰى الْمُتَحَابُّونَ

میرے رضامیں روایت کی یہ مالک نے اور ہے روایت ترمذی کے ہے کہ فرمایا حضرت تعالے نے کہ فرماتا ہے اللہ کہ محبت کرنیوالے آپسمیں

فِي جَلَالِي لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُورٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّونَ وَالشُّهَدَاءُ وَعَنْ

رجب جلال میرے کیلئے ہونگے اونکے لیئے منبر نور کے کہ رشک کرینگے اونپر نبی اور شہید اور روایت ہے

عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَأُنَاسًا مَا هُمْ

عمر رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بندگان خدا سے البتہ لوگ آدمی ہیں کہ نہیں وہ

بِأَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نبی اور نہ شہید رشک کرینگے اونپر انبیاء اور شہداء دن قیامت کے

بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوا

بسبب مرتبہ اونکیکہ نزدیک خدا کے رکھیں گے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ خبر دو ہمکو کہ کون ہونگے وہ فرمایا وہ قوم ہیں کہ محبت

بِرُوحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ أَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَلَا أَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ

بسبب روح خدا کے حالانکہ محبت اونکی درمیان اونکی ہو اور بغیر اموال کے کہ دادوستد کرتے ہیں اونکو آپسمیں پس

إِنَّ وُجُوهَهُمْ لَنُورٌ وَإِنَّهُمْ لَعَلٰى نُورٍ لَا يَخَافُونَ إِذَا خَافَ النَّاسُ

کہ تحقیق منہ اونکے البتہ نورانی ہونگے اور تحقیق وہ نور کے منبروں پر ہونگے نہ ڈرینگے جسوقت کہ ڈریں گے لوگ

وَلَا يَحْزَنُونَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ

اور نہ غمگین ہونگے جبکہ غمگین ہونگے لوگ اور پڑھی یہ آیت حضرت نے یہ آیت خبردار ہو تحقیق دوست خدا کے

لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ

نہیں ڈر اونپر اور نہ وہ غمگین ہونگے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں

عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ مَعَ زَوَائِدَ وَكَذَا فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

ابی مالک سے ساتہ لفظ کے کہ مصابیح مین مذکور ہی ساتہ اور زیادتیون کے اور اسیطرح روایت کی ہی بیہقی نے شعب الایمان مین

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ لِاَبِیْ ذَرٍّ یَا اَبَا ذَرٍّ

اور روایت ہی ابن عباس رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے ابی ذر کے اے ابی ذر

اَیُّ عُرَى الْاِیْمَانِ اَوْثَقُ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ الْمُوَالَاةُ فِی

کونسی راست تر اور نیز ایمان کی مضبوط تر ہے کہا ابوذر نے اللہ اور رسول اوسکا دانا تر ہے فرمایا دوستی کرنی آپسمین بسبب

اللّٰهِ وَالْحُبُّ فِی اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

اللہ کے اور دوست رکہنا کسیکو بسبب خدا کے اور بغض رکہنا اللہ کی راہ مین روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین

وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ اَخَاهُ اَوْ زَارَهُ

اور روایت ہی ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت کہ عیادت کرتا ہے مسلمان بہائی اپنے کی

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا

فرماتا ہے اللہ تعالی خوش ہوئی زندگانی تیری اور خوش ہوا تیرا چلنا تیرا اور پکڑی تو نے بہشت سے ایک جگہ بڑی

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہی مقدام بیٹے

مَعْدِیْكَرِبَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَلْيُخْبِرْهُ

معدیکرب کے سے اوسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جسوقت کہ دوست رکہی شخص اپنے بہائی مسلمان کو

اَنَّهٗ يُحِبُّهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِیِّ

کہ وہ دوست رکہتا ہے اوسکو روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہی انس رضہ سے کہ کہا گذرا ایک شخص نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّنْ عِنْدَهٗ اِنِّیْ لَاُحِبُّ هٰذَا

صلی اللہ علیہ وسلم پر اسحالمین کہ نزدیک حضرت صلعم کے تہے کتنے ایک شخص پس کہا ایک شخص نے اون لوگونمین کہ حضرت صلعم کے پاس بیٹہے ہوئے تہے تحقیق مین

لِلّٰهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ قُمْ اِلَيْهِ فَاَعْلِمْهُ فَقَامَ اِلَيْهِ

واسکے خدا کے لیے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا خبردار کیا تو نے اوس شخص کو کہا اوسنے کہ نہین فرمایا کہ اوٹہہ اور جاطرف اوسکے اور خبردار کر تو اوسکو

فَاَعْلَمَهٗ فَقَالَ اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَاَلَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور خبردار کیا اوسکو پس کہا اوسنے اوس شخص نے دوست رکہی تجکو وہ کہ دوست رکہتا تو نے مجکو اللہ واسطے اوسکے کہا انس نے پہر پہر کر آیا وہ شخص پس پوچہا

فَاَخْبَرَهٗ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلَکَ

پس خبر دی اوسکو حضرت کو ساتھ اوسکے جسکو تو نے دوست رکھا تھا پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ تو ساتھ اوس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہو تو اوسکو اور تیرا

مَا احْتَسَبْتَ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَفِیْ رِوَایَۃِ التِّرْمِذِیِّ

واسطے ہے جو کچھ تو نے نیت کی تو نے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین اور بیچ روایت ترمذی کے یہ لفظ آئے ہین

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَہٗ مَا اکْتَسَبَ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ

آدمی ساتھ اوس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہو اوسکو اور اوسکے لیے ہوگا جو اجر اوسنے کمایا کہ نیت کیا۔ اور روایت ہے ابی سعید سے اوسنے سنا نبی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَّلَا یَاْکُلْ طَعَامَکَ اِلَّا تَقِیٌّ

صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یاری مت کر مگر مسلمان سے اور نہ کھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی جو ہوتا ہے طریقہ اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس چاہیے کہ دیکھے کوئی تمہارا کس سے

یُّخَالِلُ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

دوستی کرتا ہے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین

وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَالَ النَّوَوِیُّ اِسْنَادُہٗ

اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث حسن غریب ہے اور کہا نووی نے کہ اسناد اسکی

صَحِیْحٌ وَعَنْ یَزِیْدَ بْنِ نَعَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا

صحیح ہے۔ اور روایت ہے یزید بن نعامہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

اَخَی الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْیَسْاَلْہُ عَنِ اسْمِہٖ وَاسْمِ اَبِیْہِ وَمِمَّنْ ھُوَ فَاِنَّہٗ

کہ بھائی چارہ کرے کوئی شخص کسی شخص سے پس چاہیے کہ پوچھے اوس سے نام اوسکا اور نام باپ اوسکا اور یہ پوچھے کہ کس قبیلہ مین سے ہے کیونکہ

اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّۃِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ

بہت پیوند دینے والا ہے دوستی کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ فصل تیسرے۔ روایت ہے ابی ذر رضہ سے

قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ

کہا ابوذر نے کہ نکلے ہمپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ کیا جانتے ہو تم کہ کونسا عمل بہت پیارا ہے

اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی قَالَ قَائِلٌ الصَّلٰوۃُ وَالزَّکٰوۃُ وَقَالَ قَائِلٌ الْجِہَادُ قَالَ

طرف اللہ تعالیٰ کے کہا ایک کہنے والے نے نماز یا زکوٰۃ اور کہا ایک کہنے والے نے جہاد فرمایا

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی الْحُبُّ فِی اللّٰہِ وَ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہت پیارا عمل طرف اللہ تعالیٰ کے دوستی ہے بیچ راہ خدا کے اور

الْبُغْضُ فِی اللّٰہِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَرَوٰی اَبُوْدَاوٗدَ الْفَضْلَ الْاَخِیْرَ وَعَنْ

بغض بیچ راہ خدا کے روایت کی یہ احمد نے اور روایت کی ابوداؤد نے مسئلہ فضل اخیر۔ اور روایت ہے

اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰہِ

ابی امامہ رضی سے کہا کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں دوست رکھا کسی بندے نے کسی بندے کو لیکن

اِلَّا اَکْرَمَہٗ رَبُّہٗ عَزَّوَجَلَّ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّہَا

مگر کہ تعظیم کی اوسکی اپنے پروردگار عزوجل کی روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہ تحقیق اوسنے

سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ قَالُوْا بَلٰی

سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کیا نہ خبر دوں تمکو کہ بہترین تمہارے کون ہیں کہا انہوں نے ہاں

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ خِیَارُکُمُ الَّذِیْنَ اِذَا رُؤُوْا اُذْکِرَ اللّٰہُ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ

خبر دیجیے اے رسول خدا کے فرمایا بہترین تمہارے وہ لوگ ہیں کہ جب دیکھے جاویں یاد کیا جاوے اللہ روایت کی یہ ابن ماجہ نے

وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَیْنِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تحقیق دو بندے

تَحَابَّا فِی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاحِدٌ فِی الْمَشْرِقِ وَاٰخَرُ فِی الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰہُ

محبت رکھیں آپسمیں واسطے خدا عزوجل کے ایک مشرق میں ہو اور دوسرا مغرب میں البتہ جمع کریگا اللہ تعالیٰ

بَیْنَہُمَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَقُوْلُ ھٰذَا الَّذِیْ کُنْتَ تُحِبُّہٗ فِی وَعَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ

درمیان ان دونوں کے دن قیامت کے فرماویگا یہ بندہ وہ ہے کہ تھا تو محبت رکھتا اوس کی بسبب خدا کے۔ اور روایت ہے

اَنَّہٗ قَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی مَلَاکِ ھٰذَا الْاَمْرِ

کہ تحقیق شان یہ ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ابو رزین کو آیا نہ آگاہ کروں تجکو اوپر چیز اس امر دین کے

الَّذِیْ تُصِیْبُ بِہٖ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ عَلَیْکَ بِمَجَالِسِ اَھْلِ الذِّکْرِ

کہ پہنچے تو بسبب اوسکے بہلائی دنیا اور آخرت کی کو کہ وہ یہ چیز ہیں لازم کر اپنے پر بیٹھنا اہل

وَاِذَا خَلَوْتَ فَرَطِّبْ لِسَانَكَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِكْرِ اللّٰهِ وَاَحِبَّ فِي اللّٰهِ

اور جب تنہا بیٹھے تو تسلہ پس ہلا زبان اپنی جب تک کہ ہو سکے ساتھ ذکر اللہ کے اور دوستی رکھ واسطے اللہ کے

وَاَبْغِضْ فِي اللّٰهِ يَا اَبَا رُزَيْنٍ هَلْ شَعَرْتَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ

اور دشمنی رکھ واسطے اللہ کے اے ابو رزین آیا جانا تو نے کہ تحقیق آدمی جسوقت نکلتا ہے اپنے گھر سے

زَائِرًا اَخَاهُ شَيَّعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كُلُّهُمْ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

بقصد ملاقات اپنے بھائی مسلمان کے بھیجتے ہیں ستر ہزار فرشتے سب دعا استغفار کرتے ہیں اوسکے لیے اور کہتے ہیں

رَبَّنَا اِنَّهٗ وَصَلَ فِيْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَغْتَمَّ حَسَدَكَ فِيْ ذٰلِكَ

اے پروردگار ہمارے تحقیق اس شخص نے ملاپ کیا واسطے تیرے پس ملا اوسکو ساتھ رحمت اور مغفرت اپنی کے پس اگر طاقت رکھتو یہ کہ غم میں

فَافْعَلْ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ

پس کر۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا تھا میں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرٰى ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا وَبُطُوْنُهَا مِنْ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت میں البتہ ستون ہیں یاقوت کے اوپر بالاخانے ہیں

تَحْتِ ظُهُوْرِهَا فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ لِمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ هِيَ لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ وَاَطْعَمَ

زمرد کے اونکے دروازے ہیں کھلے ہوئے جنکے ہیں وہ بالاخانے اور دروازے اونکے جیسے کہ چمکتے ہیں ستارے روشن پس کہا صحابی نے

